تبصرے

تاریخی وادبی مطالعے: از پروفیسر نذیر احمد مسلم یونیورسٹی علی گڈھ، تقطیع کلاں، ضخامت ۲۰۰ سو صفحات، ٹائپ جلی وروشن، قیمت چار روپے، پتہ:- شعبۂ فارسی مسلم یونیورسٹی علی گڈھ،

پروفیسر نذیر احمد فارسی زبان وادب اور قدیم دکنی وگجراتی اُردو کے نامور محقق اور ماہر ہیں اور شب و روز کے انہماک کے باعث چند برسوں میں ہی موصوف نے اپنے موضوعات پر تحقیقی مواد ومقالات کا بڑا اچھا ذخیرہ فراہم کردیا ہے، زیر تبصرہ کتاب موصوف کے اسی نوع کے آٹھ مقالات کا مجموعہ ہے جو مختلف مجلات ورسائل میں شائع ہو چکے ہیں، پہلا مقالہ فرقۂ نقطوی کے تعارف میں ہے، یہ فرقہ نویں صدی ہجری میں ایران میں پیدا ہوا۔ اور اگرچہ یہ بالکل ملحدانہ اور سخت گمراہ فرقہ تھا لیکن اس کے باوجود ایران اور ہندوستان میں اسے بڑا فروغ ہوا، لیکن شاہ عباس صفوی نے اس فرقہ کے لوگوں کا قتلِ عام کرکے ان کی قوت ختم کردی، پروفیسر نذیر احمد صاحب نے اس مقالہ میں اس فرقہ کے حالات کسی قدر تفصیل سے لکھے ہیں، ممکن ہے اکبر کے دینِ الٰہی کی ایجاد میں اس فرقہ کے اثرات کا بھی دخل ہو، اس کے بعد مقالات کی ترتیب یہ ہے (۱) محمود شاہ تغلق کے ایک فرمان کی بابت آزاد بلگرامی کی شہادت (۲) فارسی کا مستقبل ہندوستان میں (۳) سلاطینِ گجرات کی ایک نادر تاریخ۔ (۴) دیوانِ حافظ کا ایک قدیم مخطوطہ (۵) کتاب خانۂ حبیب گنج، (۶) قدیم ایرانی وزرتشتی عناصر اُردو ادب میں (۷) مونس الاحرار، مؤلفہ احمد بن محمد کلامتی، ان مقالات کے مضمون ان کے عنوانات سے ظاہر ہیں، یہ سب مقالات بڑے محققانہ اور محنت سے لکھے گئے ہیں، تاریخ وادب کے طلباء کے لئے خصوصًا اور عام اربابِ ذوق کے لئے عمومًا ان کا مطالعہ بہت مفید ہوگا۔

قرآن پاک اور آسمانی پروازیں: از جناب معین الدین صاحب رہبر فاروقی تقطیع خورد، ضخامت ۲۱۶ صفحے کتابت وطباعت بہتر قیمت تین روپے - جناب مؤلف، بیرون یاقوت پورہ، محلہ اہلی بن نمبر ۱۷-۳-۵-۴۰ - حیدرآباد دکن